سوال

رمضان المبارک میں عبادت اوراللہ کا قرب حاصل کرنے میں مشغول بیوی کااپنے خاوند کے قریب جانے سے انکار کرنے کے بارہ میں شرعی حکم کیا ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اوردوروو سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعدازاں :

اول :

ماہ رمضان عبادت گزاروں کےلیے ایک عظیم موسم ہے کہ وہ عبادت زیادہ سے زیادہ کرکے اللہ کا قرب حاصل کریں ، اورگنہگاروں کےلیے ایک عظیم موقع ہے کہ وہ اپنے گناہوں اور معاصی سے اجتناب کرکےاپنے مالک و پروردگار کے ساتھ تعلق کو مضبوط بنائیں ، اور کثرت سے اطاعت کریں تاکہ وہ ایک نئی زندگی شروع کریں جس میں گناہ و معصیت کی بجائے نیکی و بھلائی ہو

احادیث میں اس ماہ مبارک میں روزے رکھنے اوراعتکاف کرنے اورقیام کرنے کی بہت ساری فضیلت وارد ہے ، اسی طرح ماہ رمضان میں لیلۃ القدر بھی پائی جاتی ہے جسے اللہ سبحانہ و تعالی نے ایک ہزار راتوں سے بہتر بنایا ہے

اس بنا پر اگر کوئی اس ماہ مبارک کو موقع غنیمت جان کراپنے پروردگار کی اطاعت و فرمانبرداری میں یکسو ہونا چاہتا ہے اورزیادہ عبادت کرنا چاہے تو اس پر انکار نہیں کرنا چاہیے ، کیونکہ اس ماہ مبارک میں نفس قرآن مجید کی تلاوت کرنے اوراللہ ورحمن کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے کےلیے تیار ہوتا ہے ، چاہے مرد ہو یا عورت سب کے ہاں اللہ کی اطاعت کا جذبہ موجزن ہوتا ہے

ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس نے بھی ایمان واحتساب یعنی اجروثواب کے حصول کی نیت سے ماہ رمضان میں قیام کیا اس کے پچھلے سارے گناہ معاف کردي جاتے ہیں "

صحیح بخاری حدیث نمبر (37) صحیح مسلم حدیث نمبر (760).

دوم :

عورت کےلیے جاننا ضروری ہے کہ یہ جاننا ضروری ہے کہ خاوند کے اپنی بیوی پر بہت عظیم حقوق ہیں ، اس لیے انہیں خاوند کے ان حقوق کو دیوار پر نہیں مارنا چاہیے ، اورنہ ہی اس کےلیے ایسی عبادت کرنی چاہیے جو خاوند کے حقوق کے متعارض ہوں

عبداللہ بن اوفی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے عورت اپنے پروردگار کے حقوق اس وقت تک ادا نہیں کرسکتی جب تک کہ وہ اپنے خاوند کے حقوق ادا نہ کرے ، اوراگر خاوند اسے چاہے اوربلائے اور بیوی پالان پر بھی ہو تو یہ اسے خاوند کی بات ماننے کےلیے مانع نہیں "

سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1853) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح الترغیب حدیث نمبر (1938) میں اسے صحیح قرار دیا ہے

"القت" اونٹ کے لیے پالان "اس کا معنی یہ ہے کہ عورتوں کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خاوند کی اطاعت پر ابھارا ہے، کہ عورت کے لیے اس حالت میں بھی انکار کرنا جائز نہیں تو باقی حالات میں کیسے جائز ہوگا ؟

دیکھیں : حاشیۃ السندی ابن ماجہ

خاوند کے عظیم حق کی بنا پر ہی کچھ عبادات کرنے سے قبل عورت کو حکم دیا گیا ہے کہ اس اپنے خاوند سے اجازت حاصل کرے، کیونکہ ہو سکتا ہے یہ خاوند کے حقوق کے ساتھ متعارض ہوں، ان میں بعض نفلی عبادات درج ذیل ہیں :

نفلی روزہ :

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"خاوند کی موجودگی میں کسی بھی عورت کے لیے خاوند کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھنا جائز نہیں"

صحیح بخاری حدیث نمبر (4896) صحیح مسلم حدیث نمبر (1026).

امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"یہ اس نفلی اور مندوب روزے پر محمول ہے جو کسی خاص زمن کے ساتھ معین نہیں، اور یہ نہی تحریم کے لیے ہمارے اصحاب کا یہی کہنا ہے، اس کا سبب یہ ہے کہ خاوند کو سب ایام میں بیوی سے استمتاع کا حق حاصل ہے، اور خاوند کا حق واجب اور فوری ہے اس سے یہ حق کسی نفلی اور مندوب چیز یا پھر ایسی واجب جو تاخیر پر واجب ہو کے ساتھ ختم نہیں کیا جا سکتا" انتہی

دیکھیں : شرح مسلم (115/7).

مسجد میں جانا :

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جب تم میں سے کسی کی بیوی مسجد جانے کی اجازت مانگے تو وہ اسے منع نہ کرے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (4940) صحیح مسلم حدیث نمبر (442).

سوم :

خاوند کو بھی اپنی بیوی کے بارہ میں اللہ سے ڈرنا چاہیے اور وہ اس کی طاقت سے زیادہ اسے مکلف نہ کرے، کیونکہ دیکھا گیا ہے اکثر مرد حضرات بیوی کو دن کے وقت کھانے پکانے میں مصروف رکھتے ہیں، اور رات کو میٹھا بنانے میں، تو اس طرح بیوی کے دن و رات ضائع ہوتے ہیں، نہ تو وہ دن کے وقت نفلی روزے رکھنے کی فرصت پاتی ہے، اور نہ ہی رات کے وقت عبادت و قیام کی

کیونکہ بیوی کالپنے خاوند پر حق حاصل ہے کہ بیوی کو بھی اس ماہ مبارک میں اطاعت کرنے دی جائے، نہ تو خاوند اسے ماہ مبارک میں قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے منع کرے اور نہ ہی رات کو قیام کرنے سے، بلکہ اس سلسلہ میں انہیں پروگرام بنانا چاہیے تاکہ خاوند اور اللہ سبحانہ وتعالی کی اطاعت وعبادات کے حق میں تعارض نہ ہونے پائے، یہ تو نفلی عبادات میں ہے، لیکن فرضی عبادات میں خاوند کو بالکل روکنے کا حق حاصل نہیں

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنی بیویوں کے ساتھ اس طرح حسن معاشرت کرتے تھے کہ جب ماہ رمضان کا آخری عشرہ شروع ہوتا تو آپ اپنی کمر کس لیتے اور بیویوں کو عبادت و اطاعت پر ابھارتے

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ :

"جب ماہ رمضان کا آخری عشرہ شروع ہوجاتا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کمر کس لیتے اور راتوں کو بیدار رہتے اور اپنی بیویوں کو بھی بیدار کرتے "

صحیح بخاری حدیث نمبر (1920) صحیح مسلم حدیث نمبر (1174).

جب خاوند اور بیوی دونوں کو ہی ایک دوسرے کے حقوق کا علم ہوگا تو پھر غالب طور پر جھگڑا وغیرہ سے اجتناب رہتا ہے اور دونوں ہی راحت پاتے ہیں، اور جب انہیں علم ہو جائے کہ اس طرح کے مواقع تو ان کی زندگی میں بار بار نہیں آئینگے بلکہ بہت کم مواقع حاصل ہوتے ہیں تو وہ ماہ رمضان کے ایام و راتوں کو موقع غنیمت جانتے ہوئے عبادت میں مصروف رہیں گے

اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ دونوں کے دلوں میں الفت و محبت پیدا کرے، اور اطاعت و فرمانبرداری میں آپ کا مدد و معاون ہو

واللہ اعلم.

الاسلام سوال وجواب

66621